هو القادر

کھلا وہ بن گل اس مثنوی سے سوبہار | سال و نام اسکا ہے باغ نوبہار ۱۲

یقین ہی کہ کسی گلشن طبع مین اس رنگ و بو کا گل نہین
پھولا۔ اور کسی شاخ نظم پر اس مزے کا ثمر نہین پھلا۔
فی الحقیقت عندلیب دل کے لئے بہار بے صرصر ہی۔
اور طوطی جان کے لئے تنگ شکر۔ کیونکہ طراحی اس گلشن ہمیشہ بہار کی
جناب استادی اعتضادی قبلہ گاہی شفقت پناہی بہار پیرائے
چمنستان سخن سنجی جلوہ افروز گلشن شعر و شاعری بلبل
گلزار فصاحت گل شاخسار بلاغت۔ نکتہ رس دقیقہ گزین
خلف الصدق غلام محمد خانصاحب ابن حاجی غلام قطب الدین
خان بہادر خواہرزادہ حضرت نواب والاجاہ جنت آرامگاہ
حضرت ~~بہاء الدین~~ غلام محمد صاحب مروت مد فیوضاتہ نے ڈالی ہی۔
اور توصیف جشن ولادت باسعادت نور نگاہ عفت دختر نیک اختر قدردان
ازلی گوہر بحر دریا دلی جناب قادر علی خان بہادر تحصیلدار کاؤلی کی
آبیاری سے تازگی بخشتی ہی۔ سو ان دنون بفضلہ تعالی جلشانہ
حسب عقیدت بندہ ضعیف سید عبد اللطیف متخلص بلطف کے مطبع جامع الاخبار مین
شگفتگی انطباع پائی

۱۷ ربیع الاول سنہ ۱۲۶۸ ہجری | بمقام مدراس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قلم کب کرے وصف خالق رقم
زبان جبکہ ہو انبیا کی قلم

نہیں اسکی قدرت کو ذرہ کمی
کرے قطرۂ آب کو آدمی

ز ابر آورد قطرہ سوئے یم
ز صلب آورد نطفہ در شکم

وزان قطرہ لولوئے لالا کند
وزین صورتے سرو بالا کند

وہ خالق ہے بے نیاز و غنی
دو کون اسکی اک ذات کی روشنی

ہی وہ تو عالم الغیب ستار و بار | یہہ دو حرف قدرت ہین لیل و نہار

ہی وہ صانع و قادر و دستور | ہئے ذرے ہین قدرت کے شمس و قمر

کرے قہر سے گر وہ ذری نگہہ | تو یکدم مین ہو جائین آدم ہوا

جو دیکھی نگاہ عنایات سے | گنہ مجھسے بدکار کے بخش دے

نہین روح تو کوئی خوب شی | سو وہ ادنی اک بندۂ حکم ہی

کرے ایسے خالق کی تعریف کون | بیک کن سے کئے جسنے پیدا دو کون

رہینگے نہ آدم نہ ارض و سما | بقا ہی وہی سب ہین اسکے فنا

وہ چاہے زمین آسمان پر چلے | نہ یک ذرہ بن حکم اسکے سے ہلے

عجب تجھ ہے اسکی داد و دہش | کرے کرم کو سنگ مین پرورش

خوش آوے ہمیشہ دل دردمند　　کرے عاجزی عاصیونکی پسند

صدا مجھسے عاصی گنہ گار پر　　غضب سے دو چندان کرم کی نظر

مرے مجھسا گر کوئی بدکار زشت　　وہ چاہے بنے قبر اسکی بہشت

کرے زہد پر اپنے گر کوی نظر　　کبھو خلد مین ہو نہ اسکا گذر

جو محتاج اسکی عنایت کا ہی　　نہین اسکو مانع کہین کوئی شی

عجب کچھ مسبب وہ رزاق ہی　　نگہہ کے پرے ہی نکوی اسکی شی

خزانیکا اسکے ہو کسکو شمار　　نہ مانگے تلک دے ہزاران ہزار

دیا بندگانکا کبھو بیخطر　　نہ اسکے دئے بن ہے کوئی گہر

دیے نے اسیکے ہی روشن جہان　　دیا سب اسیکا یہان کیا وہان

دیا اُسکا روشن ہوا ایک آن / تو پھر جانو اندھیری ہی دو جہان

عجب اُسکی قدرت عجب اُسکے کام / برے ہین قیاس بشر سے تمام

یہ سمجھو کہ دور اُس سے یہہ تہی کبھی / وہ تارے زمین پر اُتارے ابھی

وہ آب آسمان سے برسائے ہی / وہ آتش کو پانی مین دکھلائے ہی

کرین رحمتین اُسکی کیا یاد کوئی / نہین ذات سے اُسکی ناشاد کوئی

وہ از بسکہ رحمان و غفار ہی / خدائی اُسیہیکو سزوار ہی

یہہ ہی اُسکی قدرت کہ ہم مشت خاک / غبار گنہ سے جو ہو جائین پاک

جو اُسکی ہو اک نگاہ عطا / رہین تا ابد غرق بحر خطا

خطا بخش ہی کون اُسکے سوا / گنہگار کو دے ہی جنت مین جا

نہین فوات سے اُسکی کوئی بے امید
ہی مجھسے گنہ گار کو بھی امید

نبی گرچہ دنیا مین سبکی کہی
وے بخشش دیگا برائے نبی

تعریف مین شفیع المذنبین خاتم النبیین محبوب العلمین امام الاولین والآخرین کی سرور عالم حامی اُمم احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خوشی سے لکھون کیون نہ نعت نبی ص
ہی کی خوشی ہی سو رب کی خوشی

نبی ص کون وہ خاصۂ ذوالمنن
ہین دلبند جسکے حسین و حسن

نبی ص کون وہ خواجہ بعث و نشر
ہی لخت جگر جسکی خاتون حشر

نبی ص کون وہ خاصۂ کردگار
ہین جس صاحب کے ہین اصحاب چار

نبی ص کون وہ جسکا نور نظر
حبیب خدا قطب جن و بشر

نبی کون وہ شاہ روز جزا | شفاعت کو جسکی نہین انتہا

نبی کون وہ جسکے دو نونہال | کرینگے قیامت مین ہمکو نہال

ہے توصیف اسکی جو کہوے زبان | زبان بشر کو یہہ طاقت کہان

وہ امی لقب ہی کہ جسکے لئے | ہین لوح و قلم حق نے پیدا کئے

وہ امی لقب ہی یہہ ای ذی شعور | ہی ہر علم آئینہ جسکے حضور

ہی تعریف اسکی خدا کا کلام | کلیم اسکا مداح اک لا کلام

ہی وہ عالم العلم حق بےعدیل | نہ راز قلیل اسکا سمجھے خلیل

ہی انوار کا اک نشان اسکے طور | مسیح ایک بیروح اسکے حضور

وہ اک حاکم دوسرا ہی یقین | وہ اک خاتم انبیا ہی یقین

وہ اک خاصۂ رب ہے بے ریب و شک — کہ بعد خدا ہے وہ عالم میں یک

قد و قامت اسکا ہے وہ بے مثال — قیامت ہو بلہار بے قیل و قال

تھا قد وہ تھا نور حق اک عیان — جو ہو نور تو اسکو سایہ کہان

ہوا یہان نہ سایہ فگن اس لئے — کہ امت پہ کل وہان وہ سایہ رہے

پڑا اس لئے اسکا سایہ نہین — کہان سایہ اسکا کہان یہ زمین

ہوی جبکہ معراج تو آسمان — یہہ سوچا کہ وہ مہر کون و مکان

سوے ارض رونق فزا آج ہے — یہہ جب تک رہے اسکو معراج ہے

جو کہنے لگا وہ شہنشاہ دین — قدوم مبارک بروے زمین

کی چالاکی اتنی وہ چالاک بر — نہ سایہ کو پڑنے دیا خاک پر

سجان اسقدر محو سایہ ہوا | نہ فرق اسمین اُس سائے مین کچھ رہا
بنا جسکہ ہمرنگ سایہ فلک | لیا سر پہ اپنے جہاں سبکو اک
ہو باطن مین جسکا قدم عرش پر | تو کیون سایہ اُسکا پڑی فرش پر
نہین اسلئے وہ زمین پر پڑا | کہ ہی دل پہ شمس و قمر کے چڑھا
بلند اسلئے ہی وہ سایہ مدام | رہے سر پہ عالم کے تا صبح و شام
نہو یون تو کیون کہیو مہربان | ہی سینہ مہ و مہر کا سایہ بان
وہ اِس شکل ہی رحمت العالمین | اسیکے ہی سائے مین دنیا و دین
سبب اور جو ہو تو ہو بیشک ہی | شریک ایسے یکتا کا ہو کیون کوئے
الہی بمدح و ثنائے نبی | میری التجا تجھسے اب ہی یہی

نہین تا ابد دلکو اور کچہ ہوس | مجھے آل کا اُسکے یکسایہ بس
نہو عمر ضایع خور و خواب مین | رہون سرخرو چار اصحاب مین
جو یہان چاہون یا وہان کرون التجا | دے صدقہ اُسکی مجھے آل کا
خدایا بحق بنی فاطمہ | کہ بر قول ایمان کنی خاتمہ

مناجات بہ درگاہ قاضی الحاجات خالق الارض و السموات
کافی المہمات دافع البلیات مجیب الدعوات جل شانہٗ و تعالی عظمتہٗ

ہو عاصی ہون ای خالقِ لاشریک | نہین کوئی کنا ہو نمین میرا شریک
ہون وہ روسیہ مجرم بدشعار | گنہ میرے ماتھون ہین نت مشار
نہین روسیہ آسمان کہن | ہے یہہ عکس عصیان میرا ہی سخن

جو واقف ہو میرے گنہ سے جہان
کہے دیکھتے ہی مجھے الامان

ہین میرے گناہونکے کام اسقدر
ہو دوزخ کو سائے سے میرے خطر

گناہونکے جب یاد آتے ہین کام
سحر میری آنکھو مین ہووے ہی شام

جلون ہون یہان تک بسوز گناہ
ہی مانند چرخ دوتا دل سیاہ

مگر تو جو دیکھے زروئے کرم
نہین ایسے لاکھون گناہو کا غم

ہین یارب جو نو دیہ نو تیرے نام
ہین صدقے ہر اک نام کے صبح و شام

کرون ہون پر اب اتنی ہی التجا
جو غفار ہی اسم اقدس ترا

تصدق سے اس نام کے ای کریم
میرے بخش دیجو گناہ عظیم

تیرے نام کی چاہتا ہون پناہ
نہین لایق عفو میرے گناہ

بحق نبی رکھیو نت شادمان — بزرگونکو میرے یہان اور وہان

جو ہین میرے خویش و برادر تمام — عنایت سے تیرے رہین شادکام

دل و جان ہین جو میرے محب — ہوںنت فرحت و راحت انکے نصیب

اور از فیض و افضال خیر الوری — رہے گلشن عمر جب تک ہرا

نسیم کرم سے تیرے ذو الکرام — تیرے مشفق و مہربان صبح و شام

جو نزہت فزا باغ رحمت کے ہین — جو یکتا گہر درج وحدت کے ہین

ابد تک وہ ای قادر بی نیاز — بحق علی نت رہین سرفراز

مین بندا ہون وہ عبد اللہ تیرے — ہون مذنب سبھی بندگی سے پرے

گنہ پر تیرے مت نظر کیجئے — ہمیشہ بہ رحمت نظر کیجئے

بنایا جہا مین بصد فخر و جاہ | جسے تو نے ای میرے غفار شاہ
رہے وہ بہ دنیا و دین شادمان | کہ ہی فیض سے جسکا شاد اک جہان
رہے پیر اعظم ہی وہ دستگیر | غلام اوسکے لاکہون سے برنا و پیر
مہ معرفت ہی وہ مہر ہمم | رہ شرع پر ہی بہت ثابت قدم
ہین حامی نت اوسکے رسول خدا | رہے کیون نہ فیض اوسکا جاری سدا
جو ہی حاکم اعظم اس عصر کا | ہی وہ فیض یاب اوس سے صبح و مسا
یہہ فیاض عالم کیا اسکو حق | لین اوس سے سبق حاکمان سبق
خدایا بحق جناب امیر | رہے خوش وہ حاکم یہہ کہتا [illegible]

در شکایت فلک فلاکت منزلت مصدر الم مطعون عالم بے مہر ستیزہ رو فتنہ جو

لال زبانی دشمن زبان آوران عدوی عشاق بدخواه خوبان افاق تیز نگو بزالعیادے

لکھون چرخ کجرو کی کیا مین چلن | سیہ ہی ازل سے ہی وہ بے سخن
دل اس روسیہ کا ہی ہم رنگ سنگ | نہین بہا ہی اسکو دنیا کا رنگ
ہمیشہ کو ہی اسکے سایئے تلے | یہہ ممکن نہین ہی کہ یہہ بہو لے پہلے
ہین خوار اسکی انکہو نمین روشن ضمیر | کرے ہی جوانمرد کو رشک پیر
یہہ وہ چرخ ہی جس سے اہل ہنر | سدا چرخ کہا تے ہین اٹہون پہر
یہہ وہ چرخ ہی مخزن مکر و فن | قطعہ کہ کل مرد و زن ہین ظن و تیک ظن
سدا اسکے شاکی ہین شام و سحر | ہین داغی اسی سے یہہ شمس و قمر
یہہ وہ چرخ کل جسکو بالکل نہین | زمین پر کبہو کاہ زیر زمین

نہین یہہ فلک ایک آفت ہی یہہ
نہین یہہ فلک پر فلاکت ہی یہہ

نہین اس فلک کے کوئی نیک کام
یہہ دشمن نہین دیندارونکا رام

ہی صبح اسکی دولت سد آئینہ چاک
اڑالئے ہی سر پر نت اپنے یہہ خاک

نہین ہی یہہ رنگ شفق صبح و شام
یہہ ہی خون آشام عاشق مدام

وہ یک زنگ کی آئینہ ہی یہہ فلک
کہ جسکا شب تار پرتو ہی یک

غرض یہہ کسو کا نہین کارساز
سدا اسکو الفت سے ہی احتراز

کہ عشق اسکو یک آن بہاتا نہین
اسے نام عاشق خوش آتا نہین

ازل سے یہہ بدخواہ حسن و کمال
ہی نت اسکے پاس ایک وصل و جمال

جو ہین کوہ کن شیر افگن جوان
عدو جان شیرین کا انکے بجان

جسے لیلی اک سوز و الفت ہی
کرے اسکو مجنون کہلا کوئی شئی

ہی لالہ کا دل اس سے نت داغدار
ہی یہہ بلبل و گل کی انکہونمین خار

سدا دل ہی اسکا محبت سے دور
ہی یہہ بیمروت مروت سے دور

وہ بیمہر ہی اور پرفن ہی یہہ
سدا ماہ رویونکا دشمن ہی یہہ

اسے وصل جز ہجر بہاتا نہین
کسی قسم کا یہہ تجربہ ہی یقین

نہ رکہے کسی کی بہلائی سے کام
ہمیشہ لڑائی جدائی سے کام

یہہ معشوق و عاشق کے حق مین ہی آگ
لگا کر کے لگا لگائے ہی آگ

بگذار رہتی سدا صبح و شام
رولانا ہی ہنستونکو ہی اسکا کام

قطعہ

رخ و زلف خوبان کا ہی یہہ عدو
دیوانہ جو کوئی پری رخ کا ہو

کرے عقل و ہوش اُسکے دل سے پرے
جو بے مار زلفون پہ کوئی مرے

تو پہونچے اُسکی پریشان پہ اندہیر ہو
وہی لف پیرو نمین زنجیر ہو

جو ہو عاشق خال و خط تو یقین
رکھے حرف یک اُسپہ یہہ نکتہ چین

دلیرونکا جان کاہ ہی یہہ سدا
محبت کا بدخواہ ہی یہہ سدا

جو والہ ہو چشمان مخمور کا
اُسے یک نہ یک دِسے سدا

جو دل دست و پا کا حنا بستہ ہے
کسو سروِ قامت کے بستہ رہا ہے

بہت اُسکی انکہوں نے لوہو بہائے
وہ جب تک جئے بیچ بہتا بہائے

جو عاشق کسو کی ہو رفتار کا
سدا رکھے کر اُسکو بے دست و پا

جو باتون ہی پر ہو فدا بے سخن
کرے اُسکو تصویر سا بے سخن

جو در پردہ الفت ہی باہم کہین ‏ کرے اسکو رسوائے عالم یقین

ہر اک کام آسان کر اول دکہائے ‏ پہر ایسا بدامِ محبت پہسائے

ہو کیسا ہی وہ اہلِ دین نیک نام ‏ بتونکا بنا دے ہی جہٹ اسکو رام

یہہ وہ روسیہ ہی کہ اسکے قرین ‏ ہی یکسان سبہی بہ نزد کفر و دین

سدا مانعِ شادمانی ہی یہہ ‏ بڑا دشمنِ نوجوانی ہی یہہ

اسے موسمِ عیش بہاتا نہین ‏ اسے کوئی عاشق خوش آتا نہین

یہہ ڈالے ہی منت یکدلو نمین دوئی ‏ کرے یک کو دو دو دن دیکہے کبہی

جو لگ رہتی ہین انکہین باہم ایکجا ‏ انہین چرخ دے کے لڑا ہی گیا

مروت سے ہو جو باہم بات چیت ‏ نہین اسکو منظور یہہ رسم و ریت

زبان لال اس وسیہ کی نہین
زبان آورونکا ہی دشمن یقین

یہہ بیقدر ہی چرخ پیر کہن
ہی کم جن سے دنیا مین قدر سخن

نہین بوئے مہر اسکے دلمین ذرے
ہی یہہ دشمن شاعر و شاعری

نہین کچہ جسے قافئے کی خبر
ہمیشہ ردیف اُسکا یہہ بی خبر

اسے کس زبانسے سراہون بہلا
عدو سے صلہ ہی یہہ ہجو صلہ

نہین بحر و تقطیع کا آشنا
نہین بہاہی اسکو شعر و ثنا

نہین سنجش انداز و صنعت کی پاس
زحافات آفات ہین اسکے پاس

بجز قطع الفت نہین اسکو کار
میرا دل رباعی سا مگرے ہی چار

سہ و مہر کا اس سے داغی ہی دل
یہہ ہی ماہ رویونکی چہاتی پہ سِل

خوش آتی ہین عقل کی اسکو بات | سیانے دیوانونسے ہین اسکے نات

یہہ لاریب ہی بحر رنج و محن | خوش اوسے ہی نت اسکو بیت الحزن

پہر لٹّے ہی یہہ بدر کو دربدر | پہرے باندہنا اسکے ساتہے گہر

الٰہی بحقِ رسولِ امین | نہ رکہہ اسکے سائے مین مجہکو کہین

مجہے اپنی الفت سے دے وہ جگہہ | پہرے اسپہ ہرگز نہ میری نگہہ

گریزان ہین نت اس سے شمس و قمر | جہان ایک سا کی ہی شام و سحر

نہین یہہ کسو کا غرض آشنا | لکہون کیون نہ کوئی آشنا کی ثنا

در توصیفِ شب روز افروز وسراپا محبوبِ ماہ فام خوشی نام

سناؤن ہون یک رات کی واردات | تہی شب برات آہ وہ دل افروز رات

عجب کچھ سماں تہا زیر فلک
نہ تہی شب وہ زلفِ زرافشاں تہی

نہ زلف زرافشاں تہی شب برات
تہی شب برات نور ایک با صد صفات

چمکتے تہے انجم قمر سے دوچند
سماں نور کا آسماں سے بلند

نہ تہی یہہ کواکب تہا یہہ سپہر
کہ ادنی ستارہ تہا مانند مہر

عجب شب تہی وہ نور بخش انام
مہ چاردہ جسکا داغی غلام

تہی اسرنگ مہتاب کی روشنی
زمین ساری سیماب کی تہی بنی

نہ سیماب کی تہی زمین تہی یقین
تہا مرآت سا آپ فرش زمین

نہ فرش زمین مہ نہ تہی چاندنی
تہی ہیرے کی تختی زمین گل بنی

کہوں کیا سماں تہا وہ کیا نور تہا
کہ ہر سمت نورٌ علیٰ نور تہا

غرض تھی عجب رات راحت فزا | سماں ایسا دیکھا نہوگا سما

تھی فرشِ زمیں چاندنی اسقدر | زمیں بالکل آتی نہیں تھی نظر

عجب رات تھی رونق افزاے دہر | بنا معدنِ نور ہر ایک شہر

شرف دے جو چاہے شب قدر کو | کرے دربدر لیلۃ البدر کو

نیا وہ بنا چرخ اخضر کا رنگ | کہ دنیا بنی شکل آئینہ رنگ

قطعہ

دو بارا[۱۲] ستاؤں ہوں یک وصف لیل | مہ چاردہ[۱۴] کو یہہ اُس سے تھی میل

کرے تہا زبس مہر سے یہہ کلام | ہوں ہیں سے شش و پنج نیر[۱۳] اعلام

یہہ کچھ چاندنی کی تھی ہر سو بہا | کہ باہم تھے یک وقت لیل و نہا

جو دیکھا فلک کو کہا وہ یہی | ہی کیا قدرتی شامیانہ زری

تھی رات وہ اور تھی چاندنی — تھی یک شئی کہ وہ نور سے تھی چھنی

جو دیکھے ذرا غور سے دوربین — نظر پڑ گئی اسکو تا وِ زمین

بد اختر جو تھے صاف پے کینہ تھے — زمین آسمان رشک آئینہ تھے

تصدق تھی ہر سو نسیم بہار — فدا اختر می صبح صادق نثار

غرض چار سو دیکھتے دیکھتے — لگا دل یہہ کہنے اچانک مجھے

یہہ کیا ایک بیک آسمانکو ہوا — یہہ کیسی خوشی کیا جہانکو ہوا

یہہ کس ثریا کے لئے ہی خوشی — یہہ کس خوش لقا کے لئے ہی خوشی

یہہ کس لالہ رو کی ہی آتشکا رنگ — جہانکو یہہ کسکی خوشی کی امنگ

یہہ کس رشک خورشید کی ہی خوشی — یہہ کس مہر امید کی ہی خوشی

یہہ کس فرحت افزا کی خاطر ہی آج ۔ یہہ کس نور دین کی خاطر ہی آج

یہہ کسکے لئے یک جہان شاد ہی ۔ زمین شاد ہی آسمان شاد ہی

وہین بس مجھے ایک حیرت ہوی ۔ کہ کیون یک بیک یہہ بشاشت ہوی

نظر آی ایسمین یک رشکِ حور ۔ کہ جسکے سراپا سے ٹپکے تہا نور

عجب رنگ ڈہنگ اور عجب شکل و طور ۔ مجسم بظاہر بباطن کچھہ اور

سراپا

سراپا کہ سر سے خوشی تہی نثار ۔ رخ و زلف پر صدقے لیل و نہار

وہ فرق و جبین کچہہ نہین اسمین فرق ۔ تہے یکجا یہ بایکدگر غرب و شرق

جو پیشانی کی لکہون یکسر صفات ۔ ہون ظاہر سبہی مجہپہ شش آنی بات

لکھون کیا پہر اُس مہلک کی ثنا مین | جو دل سیکڑون ہاتہ سے لے چہین

حلاوت تہی ہنسی کی بس اسقدر | پریشان ہو دل دیکہتے سر بسر

وہ کاکل جو دیکہی کوئی پُر ہوس | اُڑے ہوش دل کا کُل اکدم مین بس

جو ہو محو زلف سیہ اکبار | لکھی نے سیاہی کُتب بیشمار

قطعہ

نہ دیکہے ہو پیر و جوان کوئی اگر | سحر شب مین شب صبح مین جلوہ گر

رخ و زلف پر اُسکے کیجو نگاہ | کرو یاد پہر مجکو شام و پگاہ

وہ نازک کمانی بہوین بے نظیر | کمان جسکے غم سے بنا چرخ پیر

دوون نسبت بہوین سے مین کیا تیغ کو | وہ ابرو کہ لے خلق کی آبرو

کرون نرگس مست کا کیا بیان | لین یک طرفۃ العین مین دو جہان

بیان گردش چشم ہو کیوں تمام ۔ ہیں گردش میں مردم سدا صبح و شام

مژہ وہ کہ پڑ جاوے جس پر نظر ۔ چھدیں مردم دو یہاں کے جگر

جو نرگس کے گل کے تئیں کوئی خار ۔ تعشق کہیں دیکھے پہلے ہو زینہار

تو یک پل وہ چشم و مژہ دیکھئے ۔ زرو ٹھے مروت میری جسم سے

تہی عارض پہ یوں خال و خط کی بہار ۔ کہ یوسف کے سوئے پہ ہو جوں نگار

نہ عارض کو خوبی دکھائی بہار ۔ گل تو جوانیکو آئی بہار

کروں خال کا کس زباں سے بیاں ۔ ہی نقطے میں قدرت خدا کی عیاں

کہوں خالِ لب کو نگیوں پر نگہ ۔ ہوا بوسہ لینے کے باعث سیہ

جو پھر وصفِ رخسار گلگوں سناؤں ۔ شبِ تار کو کر اجالا بتاؤں

کروں کیا اور اُسکی صفائی بیان پہسل جاے لب ہو جو بوسیکا دہیان

کہوں لعل لب کی نہیں کچھ سے بات خجل جسکے آگے ہو مصری نبات

اگر بات کرنے میں تک لب ہلاے تو دنتونکو چمکتے ستارے دکہاے

ہو کیوں لبے لب کی صفت یک بیک شکر لب کے آگے ہو جسکے نمک

ملے لب پہ مسی وہ رشک گہر شب اور تارے دکہلا آٹہون پہر

سنیں یوں یہاں نہ کوئی کان نتہے وہ کان تو کیوں ڈربے ہلکے دو کان

سنے ہوش و گوش الجہا یہاں ہمسرے نتہے کان وہ کان قدرت کے ہاتہے

وہ بینی کہ جو جہو شان دیکہہ پاے تو خود بینی اپنی سبہی بہول جاے

جو دیکہے وہ بینی بغور ایک آن بنے جان غمناک حیرت کے کان

وہ غنچہ دہن جسکے لب سے دماغ | ہنسے مست ہو جان و دل باغ باغ

تھا تنگ ایسا اُس رشک گل کا دہن | نہیں منہہ سے نکلے ہی میرے سخن

ہو کیونکر ایسی چاہ زنخ کا بیان | کہ ہو باؤلی چاہ میں جسکے جان

جسے بہاوے نت اُسکی چاہ ذقن | وہ چاہے مروت کے میٹھے سخن

وہ گردن صراحی سی دیکھے اگر | کٹے بے صراحی گلا سر بسر

نہیں اُسکو نسبت صراحی کے ساتھ | قسم کہا کے ماروں صُراحی پہ ہاتھ

دو دن کیا اُسکو شیشہ مینا کے سنگ | عیاں جسمیں ہو دست قدرت کا رنگ

وہ شانے کہ شانے جسے دیکھہ کر | دوانے بنیں عقل کہو کر سر

وہ بازو کہ ہاتھ آوے گر ایک پل | تو ہو کیا نہ کچھ میرے ہاتھوں عمل

وہ ساعد کہ کہتے تھے بجو نکے ساتھ — ہین دو جگ کے صنعات اللہ کے ہاتھ

وہ پہنچے اور ایسی کلائی کہین — قسم پنجتن کی مین دیکھی نہین

وہ ساعد کہ ہیہات جنکی خضور — ہہین شاخ شمیم بلور پر یہ نور

کیا ناخن دست کا جو حساب — ہین دو ہاتھ پر دس مہ و آفتاب

جونت ایسے ہاتھون کتین دیکھیان — بلائین لون دن رات تیرے پاون

ہو ناخن نکیون تیغ خونی ہلا — ہی خون حنا سر بسر برملا

منور وہ سینہ ہہ از ماہ و مہر — ہنین ملکہ دیکھا کہین یہہ سپہر

لگے کیون نہ ایسے کچو نکو نظر — ہین دو سر بمہر ایکجا گنج زر

اگر کچہ وہ پاؤن تو بولون یہہ بات — ثمر عشق کے آج آئے ہین ہات

نہو دست درس یہہ اگر ایکبار | نزق جائیں وہ ہاتھ مثل انار

کروں نرمئے جسم کا کیا بیان | نہیں اتنی رکھے ہے نرمی زبان

اگرچہ کہ بے استخوان ہے زبان | پر اُس تن کے آگے ہی اک استخوان

وہ بندِ ازار اُسکا نازک تہا یہہ | دکھائی نہ دیتے تہے جسکے گرہ

تو کیا کچہ نہو نرم بندِ ازار | تہا تسپر کمر کو گرہ ایک بار

یقین جانیو کچہ نہیں اسمیں لاف | ہی نقش گرہ ہی میاں اُسکی ناف

نکیون بہاوے وہ ناف شام نگاہ | کہ ایسی ہی ہی کہ جی الفت کی راہ

ہو کیا اور صفت اُس کمر کی کہو | جسے تاب بارِ نظر کی نہو

مگر اتنا کہتی ہی عقل رسا | ہی یک سایۂ موئے زلف دوتا

صفت کیا کوئی اُس کمر کی کرے | جو ہو عقل و ہوش و نظر کے پرے

کروں زیر ناف اور کیا میں رقم
پھسل جائے ہی انگلیوں سے قلم

جو اس رنگ ناف و کمر کی ہو نشان
تو کیوں ہو عیاں صاف وصف نہاں

ہی یہہ صفت نادانوں کو عزیز
کہ فی نفسہ ہی تفرج کی چیز

سُرین وہ سنہری دو شیشے گول
لیں لاکہوں کروروں کی دولت کو مول

کمر وہ یقین کام آتی نہیں
جو پشتی پہ ہوتے ایسے سُرین

نظر کر تری پشت پر ایکبار
ہو اُس طرف سے صاف اُس طرف پار

تہے اُس ماہ کے ایسے پشت و شکم
ہوں آئینے کے جیسے پشت و شکم

وہ پشت و شکم تک جو دیکہے کبہی
تو ہو مردم چشم کو گدگدی

ہو گر فرق اِس سے زیادہ نہ ہو
یک آئینہ یک رشک آئینہ ہو

وہ رعنا جوان ہاؤ رو خوش لقا　　جو دیکھا سو حیران ہی بن رہا

وہ رانین کو دیکھے جنھین ایک آن　　ہوتنسے روان جا بن رعنا جوان

وہ زانو کہ بیٹھون جو زانو بہرا　　تو سمجھون بھی دولت کو دوسرا

لگے ساق کو جب صبا کے نہ ہات　　وہ پاؤن جو ہاتھ آوے قسمت کی بات

حنا دیکھ پاوے جو پنجون تلے　　شفق بے کشش و پنج انکھین ملے

کف پا ہے کچھ نازک اور نرم نرم　　قطعہ　　بتر ین فرش گل پر تو ہو جا بن گرم

بنین سرخ اسرنگ تا پشت پا　　ہو سرخی عیان یک برنگ حنا

ہو اُس پیر کی نازکی کیا بیان　　ہو رنگ حنا جسکو بار گران

رکھے پاؤن بتر بتر کے سنجاف صاف　　بترون پاؤن پر تو خطا ہو معاف

قد اسکا اگر سرو دیکھے ذرا
پڑے پاؤن پر سر وا پنا جھکا

بھلا ایسی رفتار ہو کسکو یاد
کہ دیکھے سے جسکے ہو شمشاد شاد

جو اک صبح سوے چمن ہو روان
نسیم صبا سیکھے اٹکھیلیان

عجب چال ہے ہال اور عجب آن بان
ہون پامال یک آن مین لاکھہ جہان

ہین چرخ بیوجہ سر بر زمین
رکھے پیر تا وہ کہین نازنین

قطعہ

دکھاوے جو پاون وہ پردہ نشین
تو کر حشر برپا کہے حور عین

برنگ حنا چھوڑ یکدم نجاون
جو پہچانتے پاون کہین ایسے پاون

ہو کیون اسکی کفشونکا جوڑا بھلا
حنا جسکے پیرون پہ ہو مبتلا

قطعہ

لکھون کیا سراپا پھر اس گل کا ہاے
جز امید وصل اور اسکے سواے

اگر کوئی لکھے دل مبتلا | سراپا خطا ہی سراپا خطا

وہ پوشاک رنگین کہ جسپر نثار | بہار و مہ مہر لیل و نہار

وہ پوشاک دیکھے دل دردناک | کرے دامن صبر کو چاک چاک

وہ پوشاک پہرے چمن میں جو کے | بہ از بوی گل سیکڑوں میل جائے

وہ پوشاک میلی ہو کس رنگ آہ | جو پہرے ہو ایسی کوئی رشک ماہ

وہ پوشاک دیکھی اگر کوئی لیل | تو پہر مہ کو ہو چاندنی سے نہ میل

وہ پہلوئے نازک وہ نگین لباس | اڑی رنگ و بو دیکھہ گل کی حواس

وہ جوڑا جو دیکھا کہاں بے سخن | رہوں ایسے یکتا کا جوڑا ہی میں

نہو کیوں وہ جوڑا عجیب و غریب | ملے ایسا جوڑا یہہ کسکے نصیب

وہ پشواز زرین کہ جسکے حضور
تہو مہر کے رخ پہ ذرہ سا نور

تہی یک غیرت گل وہ غنچہ دہن
کہوں اسکی پشواز کی کیا پہبن

وہ خوش رنگ پشواز کا گہیر گل
کہ پہولا ہی بیرون تہ غنچہ گل

سراسر جہلکتی تہی یوں دامنی
ہو درخشندہ بادل مین چون دامنی

تہ بس دامنی تہی وہ لاہی کی لال
ہو انکہونکی جس سے سیاہی بہی لال

صفا ایسی تہی اسرنگ پوشاک کی
ضیا بخش ہر چشم نمناک کی

نہ پشواز تہی وہ تہی دامنی
گل چاندنی پر تہی یک چاندنی

وہ مہتابی انگیا کہ جسکی پہبن
دکہاتی تہی مہہ پر قمر کے کرن

وہ انگیا تہر اسے کی رشک بہار
ترق جا دل دیکہہ شکل انار

جو دیکھے وہ محرم زری یک نظر | تو بہر سمجھے کنچن کو مس سے بتر (بمعنے زر)

وہ کرتی کہ دیکھے نہ جو ایک آن | تو کرتی رہے کیون نہ عاشق کی جان

وہ کرتی کہ کیون جان غمناک ہو | کہ دل دیکھتے ہی جیسے چاک ہو

کہے تو جو کچھ دیکھہ پاوے بغور | کہ یہہ تکمی گو تہا کناری ہی اور

وہ تکمہ چمکتا گریبان سے | جو چاہے چمک ماہ و انجم کو دے

یہان تک وہ تکمہ چمکتا ہوا | نہ جس تک مہ و خور کی پہنچی نگہہ

وہ سنجاف زرین یہہ رشک بہار | کہ ہون جسکے بوتون تہ انجم نثار

تمامی کا سنجاف جسپر تمام | زر و سیم و لعل و جواہر کا کام

وہ پاجامہ رشک بہار اسقدر | ہو دل چاک عاشق کا دیکھے اگر

وہ پاجامہ ایسا وہ بند ازار ۔ لے جہت دلسے عاشق کے صبر و قرار

وہ بندِ ازار اور وہ گچھونکی شان ۔ لگا رشتہ کہینچے سرپا کی جان

وہ رومال پاوے اگر مشتری ۔ زرومال پامال کردے سبہی

وہ رومال زرین لگے ہاتھہ اگر ۔ ملے مہہ پہ خورشید آنکہون پر

نمود ایسے کرتی سے انگئے کے گل ۔ جسے دیکہہ گلشن مین گل کہلائے گل

گلیمین وہ ہار ایک رشک چمن ۔ کہے تو کہ پہولا ہی جنت کا بن

تہا ایک ہاتھہ مین ساختہ پہول یون ۔ ہو گلدستہ شاخ بلورین پہ جون

پسینے کی بو پہ وہ چہرہ پُر آب ۔ فدا رخنہ دل بو پہ عطرِ گلاب

کمر پر رکھے ہاتھہ اس آن سے ۔ صدا نکلے ہیہات کی جان سے

جو دیکھے وہ مہ رو بروے فلک ملایک کے دل چھین لے یک بیک

قد ایسا ہے اپنے شمشاد ہاتھہ قیامت سدا چال کے ساتھہ ساتھہ

قد ایک ہر آن ہو دل جا نسے چلے ایسی انداز او آن سے

رکھے فرش پر اپنے نزاکت سے پاؤن پڑے گل کی پتّے پہ جس رنگ چھاون

جو آجاوے پیرو ہمین سایہ کبھی قدم کے اُٹھاتے ہی ٹھوکر لگی

پڑے سایۂ زلف مشکین جس آن تو کیا چیخ مارے سیہ مار جان

تبسم وہ غنچو نکتین گل بناسے ہنسی وہ کہ روتے ہوے کو ہنسا سے

کہے تہا یہی چاند سن بھول سے تو نکلا ہی کیون شب کو رہ بھول کے

وہ موتی کا ٹیکا پُر از آب و تاب کہے تو کہ تارو نمین ہی آفتاب

ہنوز تنک ہے کیوں وہ ٹیکا بھلا کہ در جسکے انجم سے ہون خوشنما

لڑے موتیوں کی لڑی مانگ سے کہ دل خلق کا سب بہ مانگ لے

وہ چوٹی کہ اتنی سچوٹی کہان زبان مین میری جو کرون وہ بیان

یہہ لانبی کہ اپنے پڑے آپ پاون کہون جھوٹ تو مار سا مار کہاون

جبین ریز افشان تھی قدر سے یون رخ خور پہ رخشندہ ذرے ہون جون

سر سر گہر سے بھرے موتی تھے یون لڑی کہکشان کی ہویدا ہین جون

وہ نتھنی لے نت ہوش مندون سے ہوش وہ حلقے فلک جسکا حلقہ بگوش

وہ بالے کہ ہالے کو مہ کے مدام دکھانے تھے بالا جو ہوتی تھی شام

جواہر جو تھے سارے جان گیر تھے جہان گیریان سو جہان گیر تھے

وہ موتیکا ڈولترا نظر گر پڑے — تو حسرت سے تارے بیسے تار الڑے

وہ کیا چشم بد دور تہا ستترا — کہ چشم عاشق کو ہان مت لڑا

قطعہ

وہ چنپا کلی جسکو گل کی کلی — ذرا دیکھتے ہی ہو بہہ بیکلی

وہ چنپا کلی پہر نہ بہولے کبہو — نہ گلشن مین جون پہول بہولے کبہو

تہا اس شکل محرم پہ مالا پترا — کہ تو مہ و خور پہ ہالہ پترا

وہ جگنی جو دیکھی سو کیو لیجی — کہ اب جگ مین جینا ہی جان کندنی

پترے ڈھگڈھگی وہ نظر کر یک آن — تو آجا سے جہت ڈھگڈھگی ہی مین جان

وہ ہیکل اچپن ہو کیون آج کل — جو ہیکل کہہ عاشق سے بالکل گل

یہ اس رنگ سے ہر آن زیور سے کان — کہ تو کہہ ہین لعل و گوہر کے کان

اوا بندا بالیکا ہو کیون بیان
ہی بندیکا دل پیرو بالا یہان

بلاق ایسی یک طاق آفاق مین
کہے تو دیا یک ہی دو طاق مین

کرے تہا یہ پہنچ بندھنا نو نسے بات
یہہ شانے لگے کس دوانیکے ہات

سدا پہول بالی یہ صدقے یہان
ہو بچکان بجلی یہ بجلی نشان

کرن پہول کی یہہ یہن کانمین
کہ پہولا ہی گویا چمن کانمین

وہ ہسلی کہ دیکہے زرو خیال
کہے تو گلے لگ رہا ہی ہلال

وہ پتے کہ دسے شاخ دلکو مروڑ
وہ جسلے کہ جیکا تہو جگمین جوڑ

وہ جہمکے کہ جمہور کل خاص عام
سنے ہون شہا کا نو نسے ہی کلام

کہان ایسے دنیا مین مجہول ہو
کہ دونو جہان جسکا یک مول ہو

بھی پاؤں میں ایسے پڑے پازیب ۔ کہ سو پائے زیب اُسنے نت پازیب

لکھوں اُسکی کیا چال اور نازکو ۔ کہ دے جسکے پازیب اندازکو

لکھوں کیا صفت اُس مہ نازکی ۔ کہ پتلی تھی یک نازو اندازکی

کہوں ایسے اعضا غضب ہوں بھلا ۔ جو اعضا ہوں عاشق کے حقمین قضا

جسے عاشقان حسن بولیں سدا ۔ سراپا پہ اسکے سراسر فدا

اگر مسئلے حسن پر اپنے آئے ۔ تو ترکہا دُنیا کو قتل قتل سکہائے

کہوں ایسے جانان کتین جان دے ۔ دے سو جان اگر قُم باذنی کہے

دل یک خلق کا امنین پہیر لے ۔ جہان گردش چشم سے گہیر لے

تبسم قیامت ہنسی قہر یک ۔ بلا سبز خط اور نگہہ زہر یک

قیامت صفا کہون نہ وہ رنگ ہو | جسے دیکھتے آئینہ دنگ ہو

وہ چہرے کی سرخی وہ تہبکی نظر | رگ چشم دے چبہ جون نشتر

سدا ایسی ناز و ادا سے چلے | کہے دل کہ چل اسکے پیرون ملے

وہ رشک مسیحا ز روئے حیا | کہ منہہ چہپہ کی بس وہ مرہی گیا

کرشمہ وہ غمزہ وہ اور آن وہ | نہ دے صبر دل جان کو آن وہ

کمر وہ کہ آتی نظر ہی نہین | کہون کیون نہ اسکو کمر ہی نہین

چلے اس کمر پر جو وہ نونہال | ہی یہہ قدرت خالق لایزال

کرون آگے کیا اُسکی خوبی بیان | ہی عاجز خیال و گمان بیگمان

نہیون است میرا سخن ہو یقین | کہ کہنا مجھے جہوٹ بہاتا نہین

غرض دل یہہ اسکا دوانہ ہوا | ہوا یون ہوی دید کی جان ہوا
گیا روبرو جو اسی سے یون | لگا بہنے انکہونسے دریا سی خون
ذرا ہوش آیا تو تکنے لگا | بہکنے لگا دل تو بکنے لگا
کہ ایمہرو ش مہ جبین نازنین | خدارا ز روے مروت ببین
تو اسن آنسے دیکہی وہ رشک حور | ہوا چشم بد دور دل مجہسے دور
بہین چشم نم غمسے ہمشکل مشک | قدمبوس ہونے چلے طفل اشک
جو ہین زلف و رخ پر ہوا دل نثار | نظر آئے یکجا سے لیل و نہار
وہین بس یہہ روداد حیرت ہوی | کہ کیون یک بیک یہہ قیامت ہوی
لگی کہنے جب عقل ای ذی تمیز | ہوا ایسا کیون ماہ کنعان عزیز

نگینون صنعتِ حق پہ قربان ہو جان | کہ ہے اُسکی قدرت کی ایسی ہی شان

صفائی ہے یہہ رخ پر کہ منہہ ایکبار | نظر آوے عاشق کا آئینہ وار

نگہیون ایسے خونخوار سے جی لگے | نگہہ وہ کہ سینے مین برچھی لگے

رخ ایسا کہ خورشید رخشان فدا | ادا وہ کہ جسپر دل و جان فدا

لیے دل اچہین نکلی جو منہہ سے سخن | ڈبا دیوے چاہے جو چاہِ ذقن

نمک اُسکے منہہ کا کہے کیا زبان | ہین تعریف مین جسکے شکر لبان

غرض اس مروّت قرین کو یقین | ہوا یہہ کہ جہوٹ اسمین اصلا نہین

یہہ لاریب و بے شبہ و بے قیل و قال | ہے شہزادئی ملکِ حسن و جمال

کہا جی کہ چل جہٹ گلے ہاے ہو | دو چار ایسے مہوش سے یکبار ہو

ہو ہر طرح تک ہم سخن بے سخن
کہاں ایسے گل اور کہاں یہہ چمن

الآخر بصد عجز و آداب سے
کی عرض اتنی اُس رشک مہتاب سے

بنام حکیم سخن آفرین
حدیثے بگو تا کنم آفرین

بگو حال خود یا ز من حال نو
شنو ای خود آرا خدا را شنو

تجھے اپنے حسن و ادا کی قسم
تجھے عشق کی اور وفا کی قسم

قسم ہی تجھے اپنی انداز کی
قسم تجھکو ہر آن کی ناز کی

قسم نظم ابرو کی اپنی تجھے
قسم نثر گیسو کی اپنی تجھے

تجھے تیر مژگان کی سوگند ہی
تجھے دُر سے دندان کی سوگند ہی

قسم لب کی سرخی کی اپنی تجھے
قسم دل کی اور جی کی اپنی تجھے

قسم ہاں مستی کی تیری تجھے — قسم جان سپاری کی میری تجھے

قسم ہی تجھے نرگس چشم کی — قسم لطف کی اور قسم خشم کی

قسم لعل لب اور دہن کی تجھے — قسم میٹھے میٹھے سخن کی تجھے

قسم سر کی سوگند رخسار کی — قسم تجھکو ہی اپنے رفتار کی

قسم ہی تجھے اپنے پوشاک کی — قسم تجھکو ہر جان غمناک کی

قسم سرو کی اور شمشاد کی — قسم قیس کی اور فرہاد کی

قسم ہی تجھے گل کی ای رشک گل — قسم تجھکو بلبل کی ای رشک گل

قسم ناچ کی اور گت کی قسم — قسم مے کی اور کیفیت کی قسم

قسم ہی مروت کی میری تجھے — قسم جوش الفت کی میری تجھے

قسم ہی تجھے وصل کی رات کی
قسم ہجر کے رنج و آفات کی

قسم آہ و زاری کی میری تجھے
قسم بیقراری کی میری تجھے

قسم تجھکو میرے دل و جان کی
قسم تجھکو حضرت سلیمان کی

قسم ہر پری کی تجھے بیگمان
قسم حور و غلمان کی ہر ہر زمان

قسم گردش چشم کی ہی تجھے
قسم اسکی ہائے ہی جو شی تجھے

قسم تجھکو چین جبین کی یقین
مرے دلکو لے چہین اے مہ جبین

تجھے مجھہ دل ناتوان کی قسم
زمین کی قسم آسمان کی قسم

قسم تجھکو ہر قسم کی بیگمان
قسم کی قسم تجھکو اے خصم جان

خدا کے لئے مجھسے ہنس بولئے
لب اپنے ذرا شکل گل کھولئے

زبانِ دُرافشان سے کر بہرہ ور
ہی ہر ہر سخن تیرا رشکِ گہر

مین تجھسے نہ پھیرون دل اپنا کبھی
دے احوال سے اپنے تک آگہی

تیرا آج سے مین دوانہ ہوا
یہان کسطرح تیرا آنا ہوا

بکش پا زمن چون ز دنیا فقیر
بدستم بدہ دست و شو دستگیر

سزد گوییم ار ابر رحمت رسید
و یا مہ برآمد بچرخ امید

بیا تا بپایت شوم سرنگون
دلم در تو من از تو تا کے برون

تو بولی یہہ ہسکے وہ رشکِ چمن
تو ہی اپنی دلکی سنا بے سخن

خوش آوے کیونکر مروت کی بات
مروت کی باتین ہین رشکِ نبات

سنا اُس سے جب یہہ مرد فرتن
کہا یہہ ز راہِ مروت وہین

غزل

بهرآن فدایت دل و جانمن | بقرآن حدیثت تو ایمان من
پریشانئ دل چه گویم چو زلف | پریشانم از جان پریشان من
بروزیکه از تو بناشم بعید | همان روز صد عید قربان من
خدا حق لب سندست و من حق پرست | توئی دین و ایمان من جان من
توئی صبح امیدم و شام وصل | توئی ماه من مهر تابان من
بیا بوسیت دست شستم ز جان | بیا زود سرو خرامان من

بچشم مروت ای آئینه رو
ببین جانب چشم حیرانمن

نہ خواہان ہون سنبل کا نہ خوشبو کا
فقط ہون دیوانہ تیری دید کا

مین کیا کرون کیون سیر باغ گل
تیرے رخ کے آگے ہی اک خار گل

نہین ہو مین والہ کسی چشم کا
ہون بیمار تجھ نرگسی چشم کا

لئے جہین دل لعل لب بے سخن
ڈبائی تیری مجھکو چاہ ذقن

صفائی یہ گردن کی تیری بہلا
مین قربان کرون کیون اپنا گلا

نہین کچھہ میرے جیکو جینے کا دہیان
یہہ تجھہ دل کو ہی تیرے سینے کا دہیان

غم ناف کردے کیون نہ سیر گل
ہین یا بہی سے سوراخ اکناف دل
سوراخ ناف ۱۲

نظر ہی نہ آوے تیری جب میان
ہو کس رنگ وصف نہانی بیان

ہو جی کیون نہ وصف ہا مین خجل
ترق جائے ہی شکل گندم کے دل

قسم عشق کی یہہ عجب جا ہی — زبان شرم سے وا تو نہین کہی

ہی اصل حقیقت یہی ورنہ ہیچ — ہزارو نسبے الفت میں ہین پیچ

کرون دل کو تیرے حوالے نکیون — تیرون تجھسے جانان لے ملے نکیون

نہین تجھ بن اب نسبت کی احتیاج — مجھے مار ڈالی تیری کاکل آج

میرے حق مین دن شکل شب ہے سیاہ — کرے ہی غضب تیری تہکی نگاہ

قسم مہر کی تجھکو ہو مہربان — ازل کا مجھے اپنا دیوانہ جان

تیرے تیر مژگان پہ ہون یون نثار — رگ دلمین کھٹکے ہی سو نوک خار

گیا رشتہ صبر جان کا ہ ٹوٹ — لیا حسن نے کشور دلکو لوٹ

بہلا ہووے کیونکر خور و خواب ہے — ہی دل تربین صد رنگ سیماب ہے

لبون پر ہی دم جسم بیجان تجہ — یہہ کچہ وصل کا تیرے ارمان ہے

بہلا کہہ تو ای دشمن جان و دین — جتے کسطرح یہہ مروت قرین

خدا کی قسم تیرے آن و ادا — کئے تمنے میرے دل و جان جدا

تیرے بن ہے یکدم قیامت مجھے — رولا مت مجھے اب ستا مت مجھے

ہین عاشق تیرا دین و ایمان تو — میرے جسم مین جان ہی جان تو

نہین ایکدم جیکو آرام ہی — دل ای بت تیرا اسقدر رام ہی

خدارا اب اتنا تو کہہ جان جان — ہو کسطرح تیرا آنا یہان

خفا بے سبب کیون ہو ای خوش لقا — کہو بات کرنیمین نقصان کیا

ہی یہہ ڈنگ ڈہنگ آدمیت سے دور — نہین کہاین انسان ای رشک حور

بیا جانمن دزد دلم جان تست
سر و چشم من بر رہِ پای تست

نثار حدیث دلِ عشق کیش
بفرما ز لعل شکر خای خویش

بہ ویرانۂ من چرا آمدی
کدامی پری پوش کجا آمدی

تو کس ناز سے بولی وہ دلربا
ترا نام جب ہی مروت ہوا

تو سمجھا ہی کیا ای تو نے لب مجھے
زمانے کی کچھ بھی خبر ہی تجھے

تو ٹُٹی کیا دِوانہ ہو مجھ پر مرے
زمانے کی پریوں سے ہو ہیں پرے

نہ میں جانور ہوں نہ بیجان ہوں
نہ جن ہوں نہ بت ہوں نہ انسان ہوں

ہیں قربان مجھ گل جان غمگین مرے
دونوں ہیں فرہاد و شیریں مرے

فدا مجھ پہ شب صبح صادق نثار
گل و غنچے بلہار صدقے بہار

ز من کام اہل زمین ہر زمانست | من آنم کہ قربان من دو جہانست

بغیر م دل خلق در پیچ و تاب | من آنم کہ جز من جہان یک سراب

جہانمین جہان ہو نہ میرا گذر | وہ ہی قید خانہ وہ ماتم کا گہر

ہے حیرت ہی اسجاے مجھکو کمال | کدہر ہی تیری عقل ای خوش خصال

مروت کہے ہی تجھے ہر کہین | کہون مین تو ہرگز مروت نہین

جہانکو تیرے شعر کا ہی خیال | ہی ہر ہر سخن تیرا سحر حلال

تیری بات ہو کیون نہ رشک نبات | ہی گل گلشن عشق مین تیری بات

ہے از لعل و دُر تیری ہر بات ہے | خوشی تیرے ہمراہ دن رات ہے

ہی تجھہ مین مروت محبت بہت | تیرا ہر سخن رونق بہشت

ہی گھر آج کسکے خوشی برملا
نہین کیا خبر تجھکو اتنی بہلا

کہان ہی تو ہی تیرا کدھر ہی مزاج
جہان ایک خورسند و شادان ہی آج

خوشی آج کس قدردان کے ھی گھر
نہین دی کسی نے تجھے یہہ خبر

ہین مداح کل شاعران جہان
پہ یہہ کہہ رہے ہین مژدہ کہان

بحق علی قادر ذو الجلال
ہی گھر آج اُسکے بشاشت کمال

وہ ازبسکہ ہی قدردان سخن
سخن پر فدا جسکے جان سخن

سخن سنج ایسا نہو گا کہین
وہ ہمراز سر سخن ہی یقین

اُسی کے گھر اب تہنیت کے لئے
مین جاتی ہون تجہ بہی خبر ہی تجھے

خوشی سے جہانکو سدا کام ہی
خوشی ہی دوانے میرا نام ہی

میں انسان نہیں ہوں عاشق ہی تو ‌ ‌ مگر فنِ الفت میں صادق ہی تو

ہی جیسا تخلص مروت تیرا ‌ ‌ ہی دل تیرا ویسا ہی الفت بھرا

پہ تا حشر سُن ای مروت خصال ‌ ‌ نہیں دور ہوگا یہہ تجھسے خیال

سُنا تھی اس انداز سے نازنین ‌ ‌ بنا صاف دل کان حیرت ہوئین

لگا تکنے اُس ماہ کو جو بغور ‌ ‌ زیادہ ہوا جوشِ الفت کو اور

ہوں دشمن اگر آسمان و زمین ‌ ‌ محبت سو دل چھوٹ جاتی نہیں

وہ کچھ اور ہی گھات کی بات ہی ‌ ‌ نہیں سبکو لذت یہہ ہیہات ہی

وہیں پھر یہہ اُس جان جاں سے کہا ‌ ‌ بھلا اتنا کہئے تو ای دلربا

وہ ہی کون جاتی ہی تجھ جیسکے گھر ‌ ‌ مجھے دے تو اُس قدردانکی خبر

میں انسان نہیں ہوں عاشق ہے تو
مگر تو بھی الفت میں صادق ہے تو

ہی جیسا تخلص مروت ترا
ہی دل ترا ویسا ہی الفت بھرا

پہ تا حشر سن ابمروت خصال
نہیں دور ہوگا یہہ تجھسے خیال

سنائی اس انداز سے نازنین
بنا صاف دل کان حیرت وہین

لگا تکنے اُس ماہ کو جو بغور
زیادہ ہوا جوش الفت کو اور

ہیں ہو دشمن اگر آسمان و زمین
محبت سو دل چھوٹ جاتی نہیں

وہ کچھ اور ہی گہات کی بات ہے
نہیں سبکو لذت یہہ بہات ہے

وہیں پھر یہہ اُس جان جاں نے کہا
بھلا اتنا کہئے تو ای دلربا

وہ ہی کون جاتی ہی تو جسکے گہر
مجھے دے تو اُس قدر دانکی خبر

تو مداح ہو جسکی ای جان جان
کہیون مدح مین اُسکے کہو لوکن بیان

تو بولی ابہی مین وہان جاؤنگی
نہ آویگا تو میرے ہمرہ کبہی

کہا تب پکڑ اس پریزاد کا ہات
رہون سایہ سان نت تیرے ساتھ

فلک پر بہی جاوے تو ای نازنین
کبہو تیرا پیچھا نہ چھوڑون یقین

کہی بس مین وہ مہ بیدل
خبر تجھکو معلوم ہوگی یہہ کل

تو یون بول اُٹھا مین ہین سحر ما
وہ کیا بات گل کی ہی ای گلبدن

سُنا کر دے تک جانِ بیکل کو گل
ہی گل کا بہروسا کسے آج کل

تو بولی مجھے وہ گلِ نو بہار
ہو بیکل نہ اتنا ذرا لے قرار

خبر جب تو گل گل سے بیکل مجھے
تیرا دوست یک گل کہیگا تجھے

یہ کہتی ہوں اتنا تو کر مت قصور ۔۔۔ لکہا اس قدر ان کی خوشی بالضرور

اب آگے لکھے کیا دل بیقرار ۔۔۔ یہہ بولی سو گم ہو گئے ایکبار

ہوا بس یہہ عالم ہوا جی ہوا ۔۔۔ نہین گم ہوی وہ مین خود گم ہوا

بہار آئی تہی کیا چمن سے گئی ۔۔۔ نہین وہ گئی جان تنسے گئی

ہوی پھر یہہ دلکو میرے بیکلی ۔۔۔ کہلے ہاے کس رنگ گل کی کلی

ہوی عقل حیران جون آئینہ ۔۔۔ دل بیکل اک گل کا پتلا بنا

اسی سوچ مین دن گیا آئی شب ۔۔۔ کٹی جبکہ شب سب برنج و تعب

کیا صبح سا دل گریبان کو چاک ۔۔۔ بنا خواہش دوست مین دردناک

کہ بولے وہ کون آج آکل کی بات ۔۔۔ تہی خواہش ہی دلکو تا صبح رات

عزیزو ذرا دیکہو قدرت کے کام ‖ خوشی سے خوشی کے سنو اب کلام

در تصدیق کلام محبوب ماہ فام خوشی نام تمہید تہنیت جشن ولادت باسعادت دخت عالی نصیب جناب والا شان قادر علیخان بہادر معروف بہ قادو میان دام اشفاقہ بایمای محبت کیش مروت اندیش ہمدم و ہمجلیس مشفقی و مکرمی عبد الصمد صاحب خوش نویس سلمہ اللہ الصمد

سناوون ہوں اُس روز کی کیفیت ‖ کہ وہ خوش لقا نو گل تہنیت

دکہا حسن دل جہین کر بیقرار ‖ جو یہہ کہہ کے گم ہو گئی ایکبار

جہان جاؤن ہو میں ہان کی خبر ‖ کہیگا تیرا ایک ذی ہنر

سہجو تی اب اُس خوش لقا کی فرا ‖ عزیزو سنو تک دل ایپر ہہرا

قسم شعر کی جھوٹ کہتا نہیں — از لسے مین یک راست گو ہون یقین

میرا ایک بڑا یار ہمراز ہی — مروت محبت مین ممتاز ہی

رکھے شاد مان اسکو حق تا ابد — کہ ہی نام نیک اسکا عبد الصمد

ہی وہ صاحب دل بنام علی — جگر بند حاجی غلام علی

جسے فیض بخش جہان سے سخن — کھے تہا زمانہ اک ای یار سُن

بحق محمد وہ عالی گہر — تہے حاجی غلام علی کے پدر

زہے صاحب عدل و دُرّ کمال — سخن گستر و عالم بے مثال

دُر درج راز خفی و جلی — مہ برج دین قاضئے اُوجلی

بافضال خلاق رب العباد — تہا اورنگ آباد گل اُس سے شاد

زبس ہے صاحب خلق و اوصاف بود | دُرِ عدل دریای انصاف بود

پیئے فیض سے مست ہر صبح و شام | ہوے جان بحق پی شہادت کا جام

جو ہین اقربا و نسبے اُسکے نیا | ہمیشہ اُنہین رُقیہ و عایشہ

بافضال خیر النسا بیگمان | رکہین تا ابد سرخرو شادمان

غرض وہ عجب یار ذیشان ہی | عجب صاحب خُلق و احسان ہی

فنِ دوستی مین نرہے اوستاد | مروت شعار و مروت نژاد

دُرِ خُلق ہی ہمروت نہین | ہی یکتا ہمہ رو مروت یقین

کرین ہر کسو سے محبت کی بات | مروت کرے سب سے وہ نیک ذات

بجان راغب زہد و تقوے مدام | وظیفہ ہی پڑتے رہین صبح و شام

کل اوقات مامور ہینگی سدا
پڑہے ہے اور لکہین بنت کلام خدا

بفضل خدا و رسول انام
بڑا عابد و زاہد و نیک نام

رسا خوش نصیب و بس خوش رقم
یہ از سلک گوہر ہی خط یک قلم

لکہے خوب یون ہو خفی یا جلی
لے نقطونسے نجم فلک روشنی

بخوبی لکہے حرف حرف اس نمط
فدا خط پہ ہو خوبرو نکا خط

ہو وصف بیان وہ لکہے گر اگر
لکہے نوک پہ ہنر سے نکلے گہر

کرے خوش نویسی جب خوش خصال
ہو ہر حرف مطبوع اہل کمال

ہیں خط جتنے بیشک وہ ندرت رقم
لکہے یک قلم سے ہی سب یکقلم

نہین شعر گوئی پہ چندان خیال
پہ رکہے ہی تنبیہ بہی تا کمال

لکھے ہے سخن صاف جون آرسی — ہو اشعار ہندی و یا فارسی

رہے نیک بخت و ہے خوش نصیب — شریف و نجیب و عجیب و غریب

عزیز اسکو اسکے عزیزان کو سب — رکھے نت بافضالِ شاہِ عرب

بحق محی دین کے کرم سے سبھی — عزیزان بجان ہین غلام علی

رکھے بے شک و شبہ اسے پنجتن — خوشی سات آتھون پہر بے سخن

اسی روز دی اسنے دعوت مجھے — بلایا بصد ہا مروت مجھے

وہین یاد آئی اس اچپل کی بات — کہ تہی بات جس گل کی رشک نبات

غرض گہر کو اس یار داعی کے جا — لگا تکنے حیرت سے چپ جا بجا

کہ وہ خوش لقا ہی خوشی جسکا نام — کدہر ہی کہان کسطرف کس مقام

ہوا اخر الامر معلوم یہہ | جو ہی یارِ داعی کے گہر دہوم ہہ

خدا نے دیا ہی اُسے یک پسر | خوشی اُسکے چہلّے کی کی اسقدر

جو آئے تہے اصحاب و یاران تمام | تکلف سے کہایا سبہون نے طعام

لئے پان پہول اور سنے راگ و رنگ | بشاشت سے کہنے لگے بیدرنگ

مبارک ہو یہہ خرمی و طرب | وہین ایک تاریخ بندے نے تب

کہی از عنایات رب المجید | مبارک بشاشت زر و امید

١٢ ٦ ٧

تو کہنے لگا مجہکو وہ ذی ہنر | ہہنچا تیرا ہنی یہہ نور نظر

مبارک ہوا احباب کو بہی تمام | با فضال اولادِ خیر الانام

ہوے جبکہ الحاصل اک جا ہہم | تہے یاران جو یکدل خجستہ شیم

تو آپس مین ہونے لگی یون خوشی ۔ کہ دیکھی نہو ایسی گردون خوشی

خوشی فکر پیسے جو کہونی لگی ۔ بہم دل لگی بسکہ ہونی لگی

نتھی جز بشاشت کوئی اور بات ۔ گیا دن جب آئی دل افروز رات

لگے کرنے احباب یکسر خوشی ۔ یہ تھی اور ہی میرے دلپر خوشی

کرے تھا کوئی دوستانہ گلہ ۔ کوئی شعر پڑہ مانگتا تھا صلہ

خوشی کا تھا ہر دل مین جوش و خروش ۔ مین تصویر دیوار سا تھا خموش

لگا کہنے پیر مجھکو وہ ذی شعور ۔ مروت کی ہی یہہ مروت سے دور

جو خاموش بیٹھے ہو مین بے سخن ۔ تو بولا وہین مین کہ ای یار سن

محبت پہ تیری مروت فدا ۔ ہو ہمراز و ہمدم یہہ فرحت سدا

خوشی تیرے دلبر ہی جب لال کی ‏ ‏ خوشی دیکھے اس لال کی آل کی

تو کیا خوش ہو کہنے لگا جھٹ وہ یار ‏ ‏ ہزار آفریں ای مروت شعار

پڑھی بیت وہ کیا تو انداز کی ‏ ‏ کہ ہی جسمیں لفظ ایک ہمراز کی

کہا تب میں کیا ایسی انداز ہی ‏ ‏ وہ کیا لفظ ہمراز میں راز ہی

کہا اسنے لا کہو نسے انداز میں ‏ ‏ کہ ایک آشنا میرے ہمراز میں

کہا مینے ہمراز جب ہو وہی ‏ ‏ تو پھر کیا ہماری رہی دوستی

تو کہنے لگا سنیو ای مہربان ‏ ‏ میرا ایک مدت کا ہی مہربان

دریا بے بہا ہی وہ عالی مقام ‏ ‏ کہ قادر علیخان بہادر نام ہی

سخن اسکا یکسر انداز ہی ‏ ‏ تخلص بہی کیا خوب ہمراز ہی

بجا ہی کہین ہم جو اُسکو ولی | ہی فی الحال وہ ساکنِ کاولی

کہی تو نے جو لفظ ہمرازکی | مجھے اُسکی یاد آگئی دوستی

جو دیکھے تو بولے یہہ بے ریب و شک | ہی تحصیلداریکو زیب اُس سے یک

ہی یکتا بتحصیلِ علم و ہنر | سراسر سخن رشکِ لعل و گہر

خرد اُس سے سیکھے ہی انصاف ڈہنگ | ہین سب اُسکے مداح اہل فرنگ

بفرہنگ یکتا جو ہین آج کل | بدل جاتے ہین اُسکے گہر سے بہل

جہان ہی وہ بستی یہہ اباد ہی | مسافر غریبونکا دل شاد ہی

نہین کوئی دل تنگ اُس سے کبہی | بجان اُسکے واصف ہین عالم سبہی

بفضل خدا و رسول انام | تمامی ولایت مین ہی اُسکا نام

بفضل و ہنر ہی وہ یکتائی دہر | ہیں مشہور شعر اسکے ہر اک شہر
ہیں شعر اسکے سب ہندی و فارسی رنگین | بشاہ عرب فصاحت جون آرسی
کہے فارسی شعر وہ بیدل | کہ ہر بیت کو کہئے بیت الغزل
کہے تو بحق شہنشاہ دین | ہی خسرو یہہ ملک سخنکا یقین
کہے شعر صایب وہ یون بے سخن | جو صایب ہی آوے تو کہئے سخن
کہے تو جو سن پاوی اسکا کلام | ہوا چکے مشہور عرفی کا نام
کرے تازہ تازہ وہ روشن ضمیر | بیک بیت لاکھون مضامین اسیر
عجب خوش تلاش اور کہے خوش زبان | ہو حق اسکا ناصر علی مہربان
جو شعر اسکا ہندیمین سن پاے | کہے اسکو صد رشک سودا عصر

وہ بندش کہ باندہوے اپنے ہاتھ ❊ مضامین دلچسپ ہین ساتھ ساتھ

زبس ہی مزاج اسکا بحر کمال ❊ ہر اک فن مین یکتا ہے قیل وقال

کہے شعر یون عاشقانہ مدام ❊ ہو مجنون دل سامعین لاکلام

تہا ہندی مین جرات جو یک اوستاد ❊ ہین اشعار استادونکو جسیکے یاد

سخن اسکا بیشک خداداد تہا ❊ ہر اک فن مین وہ ایک استاد تہا

ہین کل شعر اسکے یہ از لعل ودر ❊ سراسر مضامین تازہ سے پر

بہلا فارسی شعر کہتے ہین جو ❊ نہین ایسی انداز سے تو کہو

تہا وہ بی سخن اوستاد سخن ❊ بہر علم دیتا تہا داد سخن

جو بی سمجہے ہی انداز ورمز شعر ❊ کہے اسپہ ہی ختم انداز شعر

جو ہمعصر اُسکے تھے شاعر سبھی
ہوں اُسکے مقابل یہہ جرات تھی

نہ سودائی ہوکر کے بکتا تہا وہ
تزاد و تقابل مین یکتا تہا وہ

قدم اِس روش پر دہیں رکھے ہم
فرشتے کے جس رہ مین اکھڑے قدم

نہ سمجھو کہ شعر اُسکے ہین صاف صاف
کیسے حوصلہ ہی یہہ جرات معاف

سخن اُسکا سمجھے یہہ قدرت کہان
یہہ طاقت کہان اور یہہ جرات کہان

جو تہا علم اُسکو خدا داد تہا
یہہ لاریب ہی وہ تو استاد تہا

یک استاد شاگردونسے اُسکے آج
ہی وہ جس سے استادونکو احتیاج

رہی تا قیامت سدا شادمان
ہی جرات تو یہہ قول ہر ہر زمان

بنایا ہی بہت مروت مجھے
نہتی فی الحقیقت یہہ جرات مجھے

یہ بہجت رہے اسکو رب العباد | کہ استاد ونکا ہی وہ یک استاد

ہے سحر حلال اسکا ہر ہر کلام | وہ صاحب میرا مین ہون اسکا غلام

نہین جب سے مدرس ہین وہ یقین | مجھے شعر کہنا خوش آتا نہین

بحق خداوند کون ومکان | رہے شادمان وہ جہان ہی وہان

کہون کیون نہ ازروے بہجت یقین | بنام حسین اسکو ہین تاج دین

ہی مشہور تر از مہ وآفتاب | ہو شایان نکیون اسکو نام وخطاب

رہے خوش اسے خالق کائنات | کہ دنیا مین بہجت ہی یک اسکی ذات

یہہ طبع رسا دی خدا نے اسے | ملے علم کے ہین خزانے اسے

ہی ہیتے سخن مین یہہ اسکے مزا | کہے تو ہی ہر بات بہجت فزا

نہین کام اُسے کوئی ہیبت سوا
تخلص لکھون اُسکو ہیبت خوش آئے

جو ہین اُسکی اولاد و آل و حبیب
مسرت ہو تا حشر اُنکے نصیب

نہین یکقدم شرع سے دور ہے
وہ عالم ہے عالم مین مشہور ہے

سخی وہ کہ ہے وہ جہان یکجہان
سدا اُسکے بہن جائیے یہانسے وہان

ہم وہ با فضالِ شاہِ امم
کہے تو کہ سستے تھے حاتم کو ہم

کوئی ایسا ذی ہمت شان یقین
نہ قاضی کہین ہے نہ مفتی کہین

ہر اک علم مین نظم و نثر اسقدر
جھکادے ہے اہل لسان اپنا سر

خدا کی قسم کچھ نہین اسمین لاف
بصد صنعت ایسا لکھے صاف صاف

سنے جو تحریر کہے بالیقین
اب ایسا کوئی فی الحقیقت نہین

جو شاگرد ایسا ہو استاد کو ہو کتنی نہ اس فن مین جرات کبھو

کہون کب تلک وصف استاد کا سن اے ذی مروت ذرا دل لگا

وہ جرات ہی ہوتا تو بے ریب و شک لے قادر علیخان کا شعر اک نہ یک

بدل میں یہہ تحسین کرتا یقین بہت شعر تضمین کرتا یقین

کہون اسکے کیا شعر گوئی کی بات ہی ہر ہر سخن لعل و شکر نبات

بہر صدا سے زمان و زمین ہر یک شعر ہے اسکا نقش نگین

سخن گوئی کا اسکے عالم ہی یہہ سدا اسکے مداح ہین کہ و مہہ

بس اب کس زبانسے ہون اُسکے دی حق نے یہہ کچھ طبع موزون اُسے

نکلتے ہین یون اُسکے مہہ سے سخن کہے تو کہ ہی شعر یہہ بے سخن

وہ انشا لکھے دیکھے گر سطر یک
کرے دست بوسی دبیر فلک

جو دیکھے تک اُسکا شکستہ قلم
شکستہ دلان ہون دُر شاک قلم

ہی قدر سخن اُسکے پاس اسقدر
سخن آور ونکو دے لعل دُر ر

لکھون شرح اُسکی شرافت کی کیا
ہی نجم نجابت وہ مہر وفا

بخلق و مروت وہ مشہور ہی
دل اُسکا محبت سے معمور ہی

کرون بحث کیا اُسکے مین علم کا
ہی یکتا بخوبی نہ دوسرا

ہے وہ عامل و کامل و خوش شعار
بملک علوم اک ہی تحصیلدار

نہین ایک ہی کام پر وہ مدام
ہی کام جہان اُسکا ہر ایک کام

کہون کیون نہ مین خیر ولے
دی عزت یہہ کچہ رب عزت اُسے

مرے فیض سے مہر الطاف ہے — در عدل ہے کان انصاف ہے

ہے وہ ذی نصیب عجیب و غریب — نہیں کوئی ایسا حق کا حبیب

ہے ریگ روان اسکے نزدیک زر — دل ایسا کہ دریا میں بھردے گہر

عجب متقی عامل نیک نام — عبادت میں گذرے ہے صبح و شام

مجھے ہے غرض خالق بے نیاز — کیا اسطرح سے اسے سرفراز

نہیں آج کل اسکے مانند کوی — تہی یک آرزو ہو کہ دلبند کوئی

ہے عرض خالق سے شام و سحر — پسر ہو و یا دختر رشک قمر

تو خالق میرا میں ہوں بندہ تیرا — کسی شکل آباد کر گھر میرا

دے یک قرۃ العین وہ اے غفور — کہ جس نور دیدہ سے ہو گھر کو نور

نہ رکھہ دنوا بیتی مجھے یاد سے
سدا شاد رکھہ آل و اولاد سے

یہی مجھسے ہر آن فریاد ہی
جہانمین بڑی زینت اولاد ہی

مجھے لاکھہ ہی وہ تیرا ایک دیا
کہ روشن جو ہو میرے دلکا دیا

دیا ہو وہ جس سے ہو مین باغ باغ
کہون ہی یہی اپنے گہر کا چراغ

دیے دلبند وہ یک مجھے ماہ فام
کہ دنیا مین جس سے رہے میرا نام

دیے دلبند وہ ای کریم جہان
کہ جانون بدل اُسکو تعویذ جان

دیے دلبند وہ نیکخو با مراد
کہ دیکھے سے جسکے ہو دل شاد شاد

دیے دلبند وہ از طفیل رسول
کرون شکر مانند گل پہول پہول

دیے دلبند وہ از طفیل علی
بر آوین میرے سب مراد دلی

دیے دلبند وہ از طفیل حسن — کہ دیکھوں کبھو میں نہ رنج و محن

دیے دلبند وہ از طفیل حسین — ہو انکھوں کو ٹھنڈک اور دل و جانکو چین

دیے دلبند وہ مجھکو ایمرے رب — رہوں شاد جس کے سبب روز و شب

دیے دلبند وہ مجھکو رب العباد — کہ دارین میں وہ رہے بامراد

کرا اتنا کرم ایمرے ذو الاکرام — ذی اولاد بولیں مجھے خاص و عام

پھر مشکل دے ایک دلبند تو — ہو فرزند یا دختر بہتر سبکو

غرض از طفیل جناب رسول — دعا اسکی اللہ نے کی قبول

دی یک دختر ایسی اُسے نیک خو — ہو خورشید لے نور جسکے حضور

وہ دختر کہ اختر سے بھی خوب تر — وہ دختر دل و جانسے محبوب تر

خجل ہو جسے دیکھہ بدر منیر — زمین کیون نہو غیرت چرخ پیر

لگے کہنے کل اقربا دیکھہ کر — زمین پر اُتارا یہہ کسنے قمر

بہ از ماہ سمجھیں نکیون ہم اسے — بجا ہی اگر بولین مریم اسے

ہی یہہ بیگمان بیگم نیکخو — کہین بیگمان ہین بیگم نیکخو

رہے حشر تک خوش یہہ فرخندہ فال — کہ ہی باغ عصمت مین یک نونہال

رہے اسپہ نت سایۂ فاطمہ — یہہ ہوگی بڑی نیک او رعنا

زہی غیرت ماہ کنعان ہی — حیا جسکی انکھون سی قربان ہی

بفضل نبی اسمین کچھہ شک نہین — یہہ فیاضۂ عصر ہوگی یقین

یہہ بیگم رہے تا ابد شادمان — بنام شہ محی دین بیگمان

رہے چشم بد خواہ نت اس سے دور — ہی ماں باپ کے دیدہ دلکا نور

ہمیشہ بصد خوبی یہہ نیکخو — بہت سکہہ دکہاوینگے ماں باپ کو

ہی یہہ نیکبخت از طفیل بتول — ہو عمر خضر سے حیات اسکی طول

رکہے خوش اسے خالق ذوالجلال — یہہ ماں باپ کو اپنی دکہلاوے آل

سنی ہیں نے ای یار جب یہہ خبر — کہ پیدا ہوی ہی وہ لخت جگر

دعا مانگی حق سے وہیں عجیب — ہو یہہ صاحب بخت و عالی نصیب

بحق حسن اور طفیل حسین — رہیں اسکے خورسند نت والدین

غرض اسقدر شادمان دل ہوا — وہیں فکر تاریخ کرنے لگا

تو جہٹ سر جہکا آسمان نے کہا — ہی لخت جگر سال اس ماہ کا

۱۲ ۶ ۷

کہا چرخ سے دل کہ ای تیز رو ۔ کہی ہیں سنے ہی ایک تاریخ نو

کہے جب تو تاریخ تو ہی یقین ۔ وہی سال تاریخ کچہ شک نہین

بفضل نبی اور سے ذوالجلال ۔ بہت دیوے اولاد رشک ہلال

کہون چہتی چہلے کا کیا راگ و رنگ ۔ خرد ہی یہان شکل آئینہ دنگ

لے چہتی سے چہلے تلک صبح و شام ۔ ترقی خوشی کو تہی ہر دم مدام

کہان تک لکہون شہر و قریو کا نام ۔ چلی آتی تہی خلق یک صبح و شام

تہا یون نے نشن پنج چہتی کا غل ۔ خوشی ساتہہ آتہون پہر خوش تہے کل

جہان تو بنا تہا بشادی و رنگ ۔ تہی یک سے لے دس تک خوشی کو امنگ

تہا اسر تک رقص تان جا بجا ۔ ہوا نا جی کا ہی نا چ پر جی فدا

جو اہل دکن بولتے تھے بہم | کہین ناچ تو ناچ دیکھینگے ہم

ہوا ناچ دیکھے سے یہہ انکا رنگ | لگے وجد سے ناچنے بیدرنگ

کرون انکے کیا ناچ کا مین بیان | جو رقاص تھے ہندوان جان ستان

یہی انکا تہا کام ہر صبح و شام | جو دیکھا سو اسکو کئے اپنا رام

پہر آن گاتے تہے اس آن سے | کہ لیتے تہے جان اہل ایمان سے

تہی ارزانئے راگ و رنگ اسقدر | تہا ہر ہر طرف راگ آٹہون پہر

دل دوست کو کیون نہ لیے راگ گہیر | تہا یک راگ کا دلبا عدل کیے ڈہیر

جو گاتے تہے قوال صبح و مسا | تہا گانیمین انکے عجب کچہ مزا

سمان راگ کا تہا یہہ وقت سحر | کہلے کان بہرن کے تہے سربسر

نہ پوچھو وے انعام کیا لے گئے
زر و مال کئی سو نسے آ لے گئے

یہہ کہتے تہے شوقی ہر اک دیس کے
خیال ایسے دل جان دے سیکہے

کہے تو یہہ ہن دو دل ہیں بے سخن
سبہی پور قوال رشک چمن

خوشی اہل دل کو نہو کیون کمال
تہے روشن دل تیرہ دیپک مثال
چراغ ۱۲

ہنساتے تہے کیا خوب بنگالیان
محبت کی گا نیمیں دے گا لیلان

کہون محفل جشن کی کیا بہار
مہ و مہر قربان تہے کوکب نثار

دل اپنکو سب ہندوان رام کر
رہین دیوساگہیرے نت سر بسر
دیوساگہہ راگنی ۱۲

جو ہوتے تہے بیہوش محفلین مایں
الایا خرد یو لتی نہی پکار
راگنی ۱۲

تہا اس رنگ منشا دیکا جوش و خروش
بلاولو لیدل تہا کوئی خموش
بلاول راگنی ۱۲

جو گلرو تھے انکو تھی یوں بیکلی | کہ گویا کوئی دل لگی توڑی کلی
(توڑی راگنی)

سماں راگ کا جسطرف رخ پھرے | ادہر سایہ آسا ورے اور پرے
(اساوری راگنی)

سبھی شادماں گل کے مانند نت | تھے گل ہندی و سندی خوش سنت
(سندہی راگنی)

کہا جو سنا سو ہی لاکلام | ہی کافی مجھے راگ ایسا مدام
(کافی راگنی)

تہا ہر سمت گا نیکا اسرنگ غل | ہوا پھول سارنگ دنیا کا کل
(سارنگ راگنی)

یہہ مستی کا عالم ہوا ایک شب | دئیے پھینک ملہار پھولونکے سب
(ملہار راگنی)

جو انو نسے تھے شاد پیراں یاد | تہا ہر پوریا دمحبت سے شاد
(پوریا راگنی)

ہمیں آمد آواز از آسمان | الہی برآری مراد جہان
(برآری راگنی)

نہ مدراس ہی کے گویے سبھی | تھے موجود قوال تنہا پورنہی

تو گر سن سنوی ای دل و دین | نگوئی کہ برما روا ہست این

راگنی ۱۲ بہوپالی تری

جو گاتے تھے تل کھات کا لیکے نام | تھے ناگوری اُن سب مین نادر تمام

راگنی ۱۲ گوری دہنسری

وہ گاوین بنے کر ذرا سرسری | اُڑتے ہوش جو ر اور حواس پری

پانچوان راگ ۱۲ سری

تھا فکر دلبر کسو کے کبھی | تھے ہر ہر طرف مست نٹ کھٹ سبھی

راگنی ۱۲ ...

جو سنتے تھے انکی دل و جان کی | تھی ہر صبح و ہر شام کلیان کھلی

راگنی ۱۲ شام کلیان

بڑے مینہہ جو چاہین تو گاتے تھے بھا | رہین غنچے کھلے ہی نہ دلمین گرہ

راگنی ۱۲ ...

جو تک دل لگا کر سنتا بے سخن | کھا ایسے گانے پہ قربان ہے من

راگنی ۱۲ ...

تھی بات جز عیش و عشرت کہین | لینا کان راحت کا ہر دل یقین

کانرا تری راگنی ۱۲

بجوئی بنے جب کے محفل مین راگ | تھون کیونکہ دلھاہے زینت و آگ

راگنی ۱۲ ...

کدا بھی صدا سنکے کہتا تہا یون — جو ہو ملک دارا تو انعام دون

راگنی کدارا بہاروبن ۱۲

تہا قوال ہر ایک وہ بیبدل — کہے تو کہ ہین ایسے کم آج کل

کہاج راگنی ۱۲

تصدق خوشی روز و شب ہر طرف — تہا جشن شہانا عجب ہر طرف

شہانا راگنی ۱۲

جو گاتے تہے تبہی بسنت اور خیال — تو لیتے تہے ہر یک سے ہوش و خیال

غزل جب یہہ بروقت گاتے تہے وی — تو کیا کیا نہ انعام پاتے تہے وی

غزل

خوش آوے کیون کہ بہلا راگ و رنگ — کہ جی نت لیکا مزا راگ و رنگ

تو اسرنگ رہ شاد زیر سما — ہونت تجہہ مجہا فدا راگ و رنگ

بنے مشتری کیون نہ زہرہ کا جی — جو ہو گہر تیرے مہ لقا راگ و رنگ

تیرے آگی ای غیرت لعل و دُر — جلا دیوے ہی دلکو کیا راگ و رنگ

